© rasailojaraid.com



ہم تحریک کے سال آئندہ کا پروگرام عمل میں لانے کے لئے اٹھے ہیں۔ خدا ان عزائم میں ہمیں ثابت قدمی عطا فرمائے، وہ ہمیں جوشِ عمل سے نوازے، اور وہی خود قدم قدم پر ہماری رہنمائی فرمائے! آمین۔

---

## آخر وہی ہوا جو نہ ہونا چاہیئے تھا!

ہمارے حکمرانوں نے قرار دادِ مقاصد کے سارے اصولوں کو پامال کرتے ہوئے اور رائے عام اور پریس کے مطالبے کو کچلتے ہوئے مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی مولانا امین احسن اصلاحی اور میاں طفیل محمد صاحب کی نظربندی میں مزید چھ ماہ کا اضافہ کر دیا ہے۔ اس آخری اضافے سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ ہمارے حکمران اپنے جذبۂ اقتدار پسندی کے تحت ان حضرات کے خلاف ایک انتقامی کارروائی جاری رکھے ہوئے ہیں، جس کے جواز کی کوئی دلیل اُن کے پاس باقی نہیں ہے۔

ملک کی ساری جماعتوں اور دینی انجمنوں اور تمام شہریوں کو اب حکومت کے اس ظالمانہ فیصلے کے خلاف نفرت اور حقارت کو پورا پورا اظہار کرنا چاہیئے

(ناظم شعبہ نشرو اشاعت جماعت اسلامی پاکستان)

---

© rasailojaraid.com